# مرغی اور شاہین



Ann Nduku

Wiehan de Jager

Samrina Sana

3

اردو ur

ایک دفعہ کا ذکر ہے، کہ مرغی اور شاہین دوست تھے۔ وہ باقی پرندوں کے ساتھ سکون سے رہتے۔ اُن میں سے کوئی بھی اُڑ نہیں سکتا تھا۔





ایک دن، زمین پر قحط پڑ گیا۔ شاہین کو دور تک چل کر کھانا ڈھونڈنا پڑا۔
وہ تھکی ہاری واپس آئی۔ سفر کرنے کا کوئی آسان طریقہ ضرور ہونا
چاہیے۔ شاہین نے کہا۔




رات کی اچھی نیند کے بعد، مرغی کے دماغ میں ایک زبردست خیال آیا۔
وہ اپنے پرندے دوستوں کے گِرے ہوئے پروں کو اکٹھا کرنے لگی۔ چلو
انہیں اپنے پروں کے اوپر سی لیتی ہوں اُس نے کہا۔ شاید تب سفر کرنا
آسان ہوجائے۔



گاؤں میں صرف شاہین کے پاس سوئی مو جود تھی اس لیے اُس نے سب سے پہلے سینا شروع کیا۔ اُس نے اپنے لیے خوبصورت پروں کا جوڑا تیار کیا اور مرغی سے اُونچا اُڑی۔ مرغی نے اُس سے سوئی اُدھار لی لیکن وہ سلائی کرتے ہوئے جلد تھک گئی۔ اُس نے سوئی کو الماری پر رکھا اوراپنے بچوں کے لیے کھانا پکانے باورچی خانے چلی گئی۔



لیکن دوسرے پرندوں نے شاہین کو دور اُڑتے دیکھا۔ اُنہوں نے مرغی سے سوئی مانگی تاکہ وہ بھی اپنے لیے پر تیار کر سکیں۔ جلد ہی پرندے سارے آسمان پر اُڑنے لگے۔



جب آخری پرندے نے ٹھنگی ہوئی سوئی واپس کی تو مرغی وہاں موجود نہیں تھی۔ اس لیے بچوں نے سوئی اُٹھائی اوراُس سے کھیلنا شروع کر دیا۔ جب وہ کھیل سے تھک گئے تو اُنھوں نے سوئی ریت میں چھوڑ دی۔



دوپہر کے بعد شاہین لوٹی۔ اُس نے سوئی کے لیے پوچھا تاکہ وہ
پر مضبوطی سے جوڑ سکے جو کے سفر کے دوران ڈھیلے ہو گئے تھے۔
مرغی نے الماری پر دیکھا۔ اُس نے باورچی خانے میں دیکھا۔ اُس نے اردگرد
دیکھا لیکن سوئی کہیں نہیں ملی۔

مجھے ایک دن دے دو، مرغی نے شاھین کی منت کی پھر تم دوبارہ سے اپنے پروں کو جوڑ سکتی ہو اور کھانے کی تلاش میں اُڑ سکتی ہو۔ صرف ایک اور دن۔ شاھین نے کہا۔ اگر تم سوئی دینے میں ناکام رہی تو تمہیں اپنے ایک چوزے کو مجھے دے کر قیمت چکانی ہوگی۔





جب اگلے دن شاہین آئی، اُس نے مرغی کو ریت میں ہچوں ھرتے دیکھا
لیکن سوئی نہیں ملی۔ اس لیے شاہین بہت تیزی سے نیچے آئی اور ایک
چوزے کو اُٹھا لیا۔ وہ اُسے دور لے گئی۔ اُس کے بعد ہمیشہ جب کبھی
شاہین آتی تو وہ مرغی کو ریت میں ہچوں ھرتے ہوئے پاتی۔



جب بھی شاہین کے پروں کا سایہ زمین پر پڑتا مرغی اپنے بچوں کو خبر دار کرتی کہ زمین کے خشک اور خالی حصہ سے بھاگ جاؤ اور وہ جواب دیتے ہم بیوقوف نہیں ہیں ہم بھاگیں گے۔

# Global Storybooks

globalstorybooks.net

## مرغی اور شاہین

Ann Nduku
Wiehan de Jager
Samrina Sana

CC BY